PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# سپیشل پریس ریلیز

## موضوع: " سنیپ پول 2020"

## " پاکستان میں کورونا وائرس"

# تقریباً ہر 5 میں سے 4 پاکستانیوں (78%) کے مطابق وہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اپنے حقوق میں سے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔

**(گیلپ انٹرنیشنل اور گیلپ پاکستان پول)،**

اسلام آباد، 30 مارچ، 2020

مارچ 2020 میں منعقد ہونے والے گیلپ انٹرنیشنل سنیپ پول کے مطابق، تقریباً ہر 5 میں سے 4 پاکستانیوں (78%) کے مطابق وہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اپنے حقوق میں سے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ اگر میرے حقوق کی قربانی سے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد ملتی ہے تو میں اپنے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہوں؟"**، اس سوال کے جواب میں 78% جوابدہندگان اس بات سے متفق ہیں کہ اگر اُن کے حقوق کی قربانی سے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد ملتی ہے تو وہ اپنے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہیں، جبکہ 18% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو بالکل بھی تیار ہیں، تاہم 4% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


## دنیا بھر کے نتائج:

دنیا بھر میں، 75% جوابدہندگان کے مطابق وہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اپنے حقوق میں سے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہیں، جبکہ 19% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں۔

پاکستان کے نتائج کا دنیا بھر کے نتائج سے موازنہ کیا جائے تو، کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے اپنے حقوق کی قربانی دینے کے حوالے سے پاکستان درجہ بندی میں 15 ممالک سے اوپر ہے اور 12 ممالک سے نیچے ہے۔ 28 ملکوں میں سے، کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے اپنے حقوق کی قربانی دینے کے حوالے سے پاکستان درجہ بندی کے لحاظ سے 13 ویں نمبر پر آتا ہے۔ اپنے حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہونے کے حوالے سے آسٹریا 95% کے ساتھ سب سے اوپر ہے اور جاپان میں سب سے نیچے ہے۔

**ممالک کے نتائج:** بھارت میں، 85% جوابدہندگان کے مطابق وہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اپنے حقوق میں سے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہیں، جبکہ 10% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں۔ افغانستان میں، 75% جوابدہندگان کے مطابق وہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اپنے حقوق میں سے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہیں، جبکہ 25% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ اگر میرے حقوق کی قربانی سے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد ملتی ہے تو میں اپنے کچھ حقوق کی قربانی دینے کو تیار ہوں؟"




*Source: Snap Poll 2020*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

*یہ نتائج گیلپ انٹرنیشنل (جسے 1947 میں عالمی شہرت یافتہ اسکالر اور پولسٹر ڈاکٹر جارج گیلپ نے قائم کیا تھا) کی جانب سے تشکیل دیے جانے والے سروے جسے خصوصی 28 ملکوں میں منعقد کیا گیا تھا میں سے ہیں۔ اور پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے کیا ہے جو کہ سروے کرنے والے اداروں میں سے پاکستان کا سب سے تجربہ کار اور قابل اعتماد ادارہ ہے جو کہ 1979 کے بعد سے کام کر رہا ہے۔ اس سروے میں دنیا بھر کے 24،652 افراد شامل ہیں جو کہ مختلف نسلوں، خطوں، مذاہب، عمر اور جنس کے افراد ہیں۔*

*نوٹ: یہ سروے گذشتہ ہفتے ملک بھر میں لاک ڈاؤن شروع ہونے سے پہلے کیا گیا تھا اور ہم اس حوالے سے عوام کی رائے جاننے کا رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔*

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 30 March 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years

of Gallup Pakistan
(1980-2020)